بیاناتِ خوشتر رحمۃ اللہ علیہ

قسط ۹۳

شعبان

کی برکتیں

شیخِ طریقت، رہبرِ شریعت، مبلغِ اسلام

حضرت علامہ مولانا

حافظ محمد ابراہیم خوشتر رحمۃ اللہ علیہ

صدیقی قادری رضوی حامدی

زیرِ سرپرستی

شہزادہ علامہ خوشتر، پیرِ طریقت حضرت علامہ مولانا محمد مسعود اظہر قادری رضوی

سجادہ نشین خوشتر

زیرِ سایہ

شہزادہ علامہ خوشتر حضرت صاحبزادہ الحاج محمد میاں خوشتر صدیقی قادری

خلیفہ تاج الشریعہ

زیرِ اہتمام

مولانا محمد ابراہیم خوشتر میموریل سوسائٹی

سنی رضوی سوسائٹی انٹرنیشنل

مکتبہ دارالرضا

عالمی روحانی مرکز دارالرضا انٹرنیشنل جھنگ سٹی

TEL: +92 300 6504263, +44 778 9699501

www.darulraza.net, Email: darulraza@gmail.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نام کتاب:.....بیاناتِ خوشتر ''رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ'' (قسط ۶۳)

اسپیکر:.....حضرت علامہ مولانا محمد ابراہیم خوشتر قادری ''رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ''

موضوع:.....شعبان المعظم کی برکتیں

زیرِ سرپرستی:.....شہزادہ علامہ خوشتر حضرت مولانا محمد مسعود اظہر سجادہ نشین

زیرِ سایہ:.....شہزادہ علامہ خوشتر حضرت صاحبزادہ الحاج محمد میاں خلیفہ تاج الشریعہ

زیرِ نگرانی:.....حضرت علامہ مولانا مفتی ابونعمان عرفان شریف مدنی

باہتمام:.....مولانا محمد ابراہیم خوشتر میموریل سوسائٹی
سنی رضوی سوسائٹی انٹرنیشنل

تحریر و ترتیب:.....حافظ محمد اصغر عطاری (شعبہ تحریرات دارالرضا انٹرنیشنل)

صفحات:..... 09

پبلشر:.....مکتبہ دارالرضا جھنگ سٹی

﴿جملہ حقوق بحقِ ناشر محفوظ ہیں﴾

مکتبہ دارالرضا
عالمی روحانی مرکز دارالرضا انٹرنیشنل
بستی شہنی والی، وارڈ نمبر 7، پرانا چنیوٹ روڈ، جھنگ سٹی
TEL: +92 300 6504263, +44 778 9699501
www.darulraza.net, Email: darulraza@gmail.com

نحمده ونصلی علی رسوله الکریم o فاعوذ باللّٰہ من الشیطن الرجیمo بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم o

قال اللّٰہ تبارك وتعالی فی شانِ حبیبه o ان اللّٰہ وملئکته یصلون علی النبی ط یاایهاالذین امنو صلو علیه وسلموا تسلیما o

اللّٰھم صل علی سیدنا ومولانا محمد وعلی ال سیدنا ومولانا محمد وبارك وسلم

شعبان المعظم کی برکتیں

شعبان المعظم اِسلامی سال کا آٹھواں مبارک مہینہ ہے۔اِس ماہ میں اللہ رب العالمین نے اپنے بندوں کی بخشش ومغفرت کا سامان کیا ہے اور رسولِ کریم حضرت محمد مصطفٰے صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَسَلَّمْ نے اِس ماہِ مبارکہ میں پائے جانے والے فیوض و برکات سے آگاہ فرمایا۔اور اِن فیوض و برکات کو حاصل کرنے کے طریقے بتائے۔حضرتِ ابوہریرہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ بیان کرتے ہیں کہ سرکارِدوعالم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَسَلَّمْ نے فرمایا کہ

''رجب اللہ کا مہینہ ہے،شعبان میرا اور رمضان میری امت کا''

شعبان گناہوں کو دور کردینے والا ہے اور رمضان بالکل پاک کردینے والا۔سرکارِدو عالم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَسَلَّمْ نے فرمایا کہ

''رجب اور رمضان کے درمیان شعبان کا مہینہ ہے،لوگ اِس میں غفلت کرتے ہیں

حالانکہ اِس ماہ میں بندوں کے اعمال رب العالمین کی بارگاہ میں پیش کئے جاتے ہیں۔اس لئے میں پسند کرتا ہوں میرے اعمال اللہ کے حضور میں اِس طرح پیش ہوں کہ میرا روزہ ہو۔''

سرکارِدوعالم، تاجدارِکونین صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَسَلَّمْ فرماتے ہیں کہ

''ماہِ شعبان کو تمام مہینوں پر ایسی فضیلت ہے جیسی مجھے تمام نبیوں عَلَیْہِمُ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ پر فضیلت حاصل ہے''

سرکارِدوعالم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَسَلَّمْ فرماتے ہیں کہ

''جب شعبان کا مہینہ آجائے اپنے بچوں کو رمضان المبارک کے لئے پاک کرو اور اپنی نیتوں کو اچھا کرو کہ بے شک شعبان کی بزرگی ایسی ہے کہ جیسی میری عظمت و بزرگی تم لوگوں پر، خبردار ہوجاؤ کہ بے شک شعبان میرا مہینہ ہے اور جس نے شعبان میں ایک دِن روزہ رکھا اُس پر میری شفاعت حلال ہوگی۔''

شب براءت کی فضیلت میں مفسرین کرام کا یہ ارشاد کہ قرآن مقدس میں جس رات کو لَیْلَۃً مُّبٰرَکَۃً فرمایا گیا ہے وہ شعبان کی پندرہویں رات ہے، اِس مبارک رات میں لوحِ محفوظ سے آسمانِ دنیا کی طرف قرآنِ عظیم کا نزول ہوا۔

ام المؤمنین حضرتِ عائشہ صدیقہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا فرماتی ہیں کہ

''سرکارِدوعالم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَسَلَّمْ کا ارشاد ہے ''بے شک اللہ تعالیٰ پندرہویں شعبان کی رات کو آسمانِ دنیا کی طرف تجلی خاص فرماتا ہے اور نبی قلب کی بکریوں کے جتنے بال ہیں اِس سے زیادہ تعداد میں میری امت کی مغفرت فرماتا ہے۔''

سیدنا ابو ہریرہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ فرماتے ہیں کہ سرکارِ دو عالم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا کہ

''جبرائیل میری خدمت میں شعبان کی پندرہویں رات حاضر ہوئے اور عرض کیا ''یارسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَسَلَّم! سرِ انور کو آسمان کی طرف بلند فرمایئے، میں نے کہا کہ ''یہ کون سی رات ہے؟'' تو جبرائیل نے عرض کیا کہ ''یہ مبارک رات ہے اللہ تعالیٰ اِس رات میں اپنی رحمت کے تین سو دروازے کھولتا ہے اور سب مسلمانوں کو بخشتا ہے سوائے بدمذہبوں، مشرکوں، جادوگروں، کاہنوں اور زنا پر اسرار کرنے والوں کو، مستقل شرابی کو۔''

ایک حدیث میں آتا ہے کہ ''جھگڑا ڈالنے والا''

دوسری حدیث میں ہے کہ ''سود خور، تکبر و فخر کی وجہ سے پائجامہ یا تہبند کو ٹخنوں سے نیچے لٹکانے والا، ماں باپ کا فرمان'' ان لوگوں کو اللہ تعالیٰ اُس وقت تک نہیں بخشتا جب تک کہ وہ اِن برائیوں کو چھوڑ کر کے اور پورا پورا چھوڑ کر اِن سے توبہ و استغفار نہ کر لے''

امیر المؤمنین حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ ارشاد فرماتے ہیں کہ سرکارِ دو عالم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا کہ

''جب شعبان کی پندرہویں شب ہو تو اُس میں نوافل پڑھو اور پندرہ کو دِن میں روزہ رکھو۔ بے شک وہ رات برکت والی رات ہے اور اللہ تعالیٰ اِس رات میں ارشاد فرماتا ہے ''کون ہے مغفرت چاہنے والا کہ میں اسے بخش دوں؟ کون ہے عافیت طلب

کرنے والا کہ میں اسے عافیت عطا فرماؤں؟ کون ہے روزی مانگنے والا کہ میں اسے روزی دوں؟ کوئی یہ مانگنے والا ہے؟ کوئی یہ مانگنے والا ہے؟'' صبح صادق طلوع ہونے تک یہ ندائیں اور بخششیں ہوتی رہتی ہیں۔

ایک روایت یوں بھی ہے کہ ''جس مسلمان نے عید کی دونوں راتوں اور شعبان کی پندرہویں رات کو زندہ کیا (یعنی اِن راتوں میں عبادت کی) تو اُس کا دِل مردہ نہیں ہوگا جب لوگوں کے دِل مردہ ہوجائیں گے۔''

حضرت عائشہ صدیقہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھَا فرماتے ہیں کہ سرکارِ مدینہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا کہ

''اے عائشہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ! کیا تم جانتی ہو کہ اِس رات (یعنی پندرہویں شعبان کی رات) میں کیا ہوتا ہے؟'' میں نے عرض کیا ''یارسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَسَلَّم ارشاد فرمایئے کہ ''اِس رات میں کیا ہوتا ہے؟'' تو ارشاد فرمایا کہ ''اِس رات کو پورے سال میں جو پیدا ہوتے ہیں وہ لکھ دیئے جاتے ہیں، اور سال بھر میں جتنے ہلاک ہونے والے ہیں وہ بھی لکھ دیئے جاتے ہیں، اور اسی شبِ براءت میں اعمال بلند کئے جاتے ہیں اور اسی میں اُن کے رزق اتارے جاتے ہیں۔''

شبِ براءت کی نماز اور ادو اعمال

حضورِ اقدس، نبیِ محترم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا کہ ''جو شخص اِس رات (یعنی پندرہویں شعبان) میں سو رکعت پڑھے گا تو اللہ اُس کے پاس ۱۰۰ فرشتے

بھیجے گا جن میں سے تیس فرشتے اسے جنت کی بشارت دیں گے اور تیس اُس کو جہنم کے عذاب سے بچائیں گے اور تیس دنیا کی آفتوں اور بلاؤں کو اُس سے دور کریں گے اور دس فرشتے ابلیس لعین کے مکروفریب سے اسے بچائیں گے۔

مفتاح الجنان میں ہے کہ جو شخص چودہ شعبان کو غروبِ آفتاب کے قریب چالیس بار "لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ" اور سو بار درود پڑھے گا اللہ تعالیٰ اُس کے چالیس برس کے گناہ بخش دے گا اور جنت میں چالیس حوریں اُس کی خدمت کے لئے مقرر کرے گا۔

شبِ براءت میں بعد نماز مغرب چھ رکعت نوافل دو دو رکعت کر کے پڑھنا بھی پڑھنا بھی منقول ہے۔ اُس کی ترکیب یہ ہے کہ دو رکعت کے بعد ایک مرتبہ سورہ یٰسین یا اکیس بار سورہ اخلاص شریف پڑھ کر دعائے شبِ براءت پڑھے اور دعائے خیر و عافیت وسنیت پر قائم رہنے کی دعا مانگے قبول ہوگی۔ اسی طرح اگلی دو رکعت پڑھ کر کرے اور پھر آخری دو رکعت پڑھ کر مخلوقات کا محتاج نہ ہونے کی دعا مانگے۔

عارفِ باللہ امام ابوالحسن بقری رَحْمَةُ اللّٰهِ تَعَالٰی عَلَيْهِ نے ارشاد فرمایا کہ اِس عطائے بخشش میں یہ دعا

"اللھم انک عفو کریم تحب العفو فاعف عنی، اللھم انی اسئلک العفو والعافیۃ والمعافۃ الدائمۃ فی الدنیا والآخرہ"

کثرت کے ساتھ پڑھیں۔

علمائے کرام فرماتے ہیں کہ جو کوئی مسلمان اِس رات غسل کر کے دونوں آنکھوں میں

تین تین سلائی سرمہ لگائے اور یہ نوری درود شریف پڑھتا رہے تو پورے سال میں اُس کی آنکھ نہ دکھے گی اور عبادت الٰہی میں سستی نہ کرے گا اور نظر تیز ہو جائے گی اور درود یہ ہے۔

اللھم صل علی سیدنا ومولانا محمد نورک المنیر وعلیٰ الہ واصحابہ وبارک وسلم

حضور رحمتِ عالم، نورِ مجسم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا ''جو اِس دعا کو شبِ براءت میں پڑھے گا اللہ تعالیٰ اُس کو بری موت یا ناگہانی موت سے محفوظ رکھے گا۔

دعائے نصف شعبان المعظم

اللھم یا ذاالمن ولا یمن علیہ یا ذالجلال والاکرام یا ذالطول والانعام لااله الا انت ظهير اللا جئين وجار المستجيرين وامان الخائفين اللهم ان كنت كتبتنى عندل فى ام الكتاب شقيا او محروما او مطرودا او مقتراعلى فى الرزق فامح اللهم بفضلک شقاوتى وحرمانى وطردى واقتار رزقى واثبتنى عندک فى ام الكتٰب سعيدا مرزوقا موفقا للخيرات فانک قلت وقولک الحق فى كتابک المنزل على لسان نبيک المرسل يمحوالله ما يشآء ويثبت وعنده ام الكتاب الهى بالتجلى الاعظم فى ليلة النصف من شهر شعبان المكرم التى يفرق فيها كل امر حكيم ويبرم ان تكشف عنا من البلآء والبلوى

ما نعلم وما لا نعلم وما انت به اعلم انک انت الاعز الاکرم وصلی اللّٰہ تعالٰی علٰی سیدنا محمد وعلی الہ واصحابہ وسلم والحمدللّٰہ رب العالمینo

شب براءت میں مسلمانوں کو چاہئے کہ وہ خیرات وصدقات کریں، نوافل پڑھیں، قرآن عظیم کی تلاوت کریں، درود وسلام اور حلقہ ذکر میں رب کریم کی یاد، اور رسول کریم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَسَلَّم کے درود وسلام میں اپنا وقت گزاریں، گناہوں سے توبہ کریں رب کریم کی بارگاہ میں عاجزی کے ساتھ، سرکار مدینہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَسَلَّم کے وسیلے سے اپنے لئے، اپنے اہل وعیال، اور تمام ملتِ اسلامیہ کے لئے امن و سلامتی اور بلندی درجات کے لئے دعائیں کریں، اور مسلمانوں کے قبرستان میں جائیں اور اُن کے لئے دعائے مغفرت کریں۔

شبِ براءت میں حلوہ پکایا جاتا ہے اور اُس پر فاتحہ دلائی جاتی ہے، حلوہ پکانا بھی جائز ہے اور اُس پر فاتحہ دلانا یہ ایصالِ ثواب میں داخل ہے لہٰذا یہ بھی جائز ہے۔ جو کام بھی کیجئے نیت اچھی ہو، ربِ کریم کی رضا اور مسلمانوں کا فائدہ مقصود ہو۔

اللہ تعالیٰ اپنے پیارے نبی صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَسَلَّم کے وسیلہ جلیلہ سے اعمالِ صالحہ قبول فرمائے گا۔ اور شبِ براءت کی برکتوں سے نعمتوں سے، رحمتوں سے آپ کو نوازے گا اور مغفرت کا مژدہ آپ کو میسر آئے گا۔

وما علینا الاالبلغ المبین

الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ وعلیٰ آلک واصحابک یا حبیب اللہ

مکتبہ دارالرضا

قرآن پاک ترجمہ، تفاسیر، کُتب احادیث
عطریات، ٹوپی، تسبیح، عمامہ چادر
مسواک وغیرہ

روحانی عملیات سے متعلقہ تمام اشیاء دستیاب ہیں

DAR-UL-RAZA

عالمی روحانی مرکز دارالرضا

بستی شہنی والی وارڈ نمبر 7 پرانا چنیوٹ روڈ نزد کھجّی گراؤنڈ جھنگ شہر

پروپرائیٹر حافظ محمد عثمان عطاری 0300-6504263 0310-7911391